© rasailojaraid.com



عبدالرحمٰن، مولانا محمد یوسف لدھیانوی، الطاف حسن قریشی، احسان دانش، مولانا ولی رازی اور مولانا محمد مالک کاندھلوی شامل ہیں۔ کتاب آٹھ ابواب پر مشتمل ہے۔ پرنٹنگ معیاری اور ٹائٹل جاذب نظر ہے۔ (تبصرہ: شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی)

● کتاب: انصاف فی حدود الاختلاف		تالیف: سید خلیل حسین میاں

ضخامت: ۹۶ صفحات		قیمت: درج نہیں		ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ برانچ پوسٹ آفس خالق آباد نوشہرہ۔

اس کتاب میں مؤلف نے شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا رحمہ اللہ کی کتاب فضائل تبلیغ کی وہ دو فصلیں جن میں علماء کی تکریم، عام مسلمان کے آپس میں تعلقات، تنقید کا مزاج سے متعلق مضامین ہیں' شامل کی ہیں۔ علاوہ ازیں کچھ دوسری کتابوں سے بھی متعلقہ اقتباسات شامل کتاب کیے ہیں۔ جن میں مسلمان کی شان، خوش اخلاقی، مؤمن کی خیر خواہی، علمائے کرام کی ذمہ داری، طلباء کے لیے اساتذہ کا ادب واحترام، غیبت پر وعید، تکبر کا علاج، مسلمانوں کو امت بننے کی دعوت اور تمسخر واستہزاء جیسے اہم عنوانات قابل ذکر ہیں۔ جو ایک صحیح مسلمان معاشرہ کے قیام میں بنیاد ہیں۔ (تبصرہ: شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی)

● کتاب: پاک وہند کے نامور علماء ومشائخ		مؤلف: مولانا مفتی عبدالشکور ترمذیؒ		مرتبہ: حافظ محمد اکبر شاہ بخاری

ضخامت: ۳۲۰ صفحات		قیمت: درج نہیں		ناشر: ادارہ اسلامیات ۱۹۰۔ انارکلی۔ لاہور

حضرت مولانا مفتی عبدالشکور ترمذی رحمہ اللہ ماضی قریب کی نہایت علمی شخصیت ہیں۔ علم وعمل، تقویٰ وتدیّن اور تصوف وسلوک کے مراتب پر بھی وہ جلوہ افروز نظر آتے ہیں۔ انھوں نے اپنے عہد کی جن شخصیات کو دیکھا اور جن سے اُن کا تعلق رہا وہ بھی اپنے اپنے درجے کے ممتاز اور باکمال انسان تھے۔ حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ نے ان شخصیتوں کے بارے میں جو کچھ تحریر فرمایا 'وہ اُن کے مکمل سوانح نہیں ہیں بلکہ اپنے ذاتی تعلق اور یادوں کو قلم بند فرمایا ہے۔ تاہم تین سو بیس صفحات کی اس کتاب میں ساٹھ سے زائد شخصیات کا تذکرہ ہے۔ جن میں مفسرین، محدثین، فقہاء اور مشائخ سبھی شامل ہیں۔ اکابر ومشائخ اور جید علماء کرام کے بصیرت افروز واقعات اور روح پرور حالات یکجا کیے گئے ہیں جو مختلف اوقات میں ملک کے مختلف جرائد ورسائل میں شائع ہوتے رہے۔ ان شخصیات میں حاجی امداد اللہ مہاجر مکی، حضرت گنگوہی، مولانا شرف علی تھانوی، مولانا حسین احمد مدنی، علامہ شبیر احمد عثمانی، مفتی محمد شفیع، مولانا خیر محمد جالندھری، مفتی محمد حسن، مولانا احتشام الحق تھانوی، سید عطاء اللہ شاہ بخاری، مولانا شمس الحق افغانی، مولانا محمد یوسف بنوری اور دیگر شامل ہیں۔ حافظ محمد اکبر شاہ بخاری' شخصیات کے حالات وسوانح اور تذکار کو جمع کرنے کا خاص ذوق رکھتے ہیں۔ اس کتاب کو مرتب کر کے انھوں نے اکابر سلف سے اپنی محبت کا حقیقی اظہار کیا ہے۔ (تبصرہ: شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی)

● کتاب: اقوال زریں		مرتب: محمد اسحاق ملتانی

ضخامت: ۲۸۸ صفحات		قیمت: درج نہیں		ناشر: ادارہ تالیفات اشرفیہ چوک فوارہ ملتان

جاذبِ نظر پاکٹ سائز اس کتاب میں احادیث رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) اور اللہ والوں کے تیرہ سو سے زائد دل آویز اقوال جمع کیے گئے ہیں۔ چھوٹے چھوٹے فقروں میں دنیا وآخرت کے خزانے پوشیدہ ہیں۔ علم وحکمت کے موتیوں سے معمور مرتب کی کاوش قابل ستائش ہے۔ عام مشاہدہ ہے کہ بعض اوقات ایک چھوٹی سی قیمتی بات زندگی میں انقلاب برپا کر دیتی ہے۔ زیر نظر کتاب میں ایسے ہی عبرت ونصیحت آموز اقوال جمع کیے گئے ہیں۔ جن کے مطالعہ سے سنجیدہ اور باعمل زندگی کا خوشگوار احساس پیدا ہوتا ہے۔ پرنٹنگ، کاغذ، ٹائٹل معیاری ہے۔ (تبصرہ: شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی)



© rasailojaraid.com